سوال

کیا میں اپنی چچی کی طلاق کے بعد اس کا محرم شمار ہونگا، اصل میں وہ میرے نانا کی بیٹی ہے ؟ اللہ تعالی آپ کو جزائے خیر سے نوازے ۔

جواب

الحمد للہ

ابنۃ جد (عربی میں نانا اور دادا کو جد کہا جاتا ہے) یا تو آپ کی خالہ ہوگی یا پھر پھوپھو، اگر تو وہ آپ کے دادا کی بیٹی ہے تو وہ آپ کی پھوپھو لگے گی، اور اگر وہ آپ کے نانا کی بیٹی ہے تو وہ آپ کی خالہ ۔

اور جب وہ آپ کی خالہ (یعنی والدہ کی بہن) یا پھر پھوپھو ہو تو آپ ان دونوں کے محرم ہیں چاہے وہ آپ کی چچی ہو یا نہ ہو (پھوپھو چچی نہیں ہو سکتی) اور سوال سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ وہ آپ کے نانا کی بیٹی یعنی آپ کی خالہ ہے ۔

واللہ اعلم .

اسلام سوال وجواب

4332